تاجُ الوظائف



مع

رزاقیہ آبِ حیات (معراجُ العاشقین)

Marfat.com



Marfat.com

ما شاء اللہ کان

وما توفیقی الا باللہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

تاج الوظائف

مع

رزاقیہ آبِ حیات

(معراج العاشقین)

مُرتّب و مؤلّف

احقر و عاجز:- راؤ جمشید علی رزّاقی عفی عنہ

Marfat.com

نام کتاب ـــــ تاج الوظائف مع رزّاقیہ آبِ حیات
مؤلّف و مرتّب ـــــ راؤ جمشید علی رزّاقی، رزّاقیہ منزل، حمید پارک گلی ۱۰
ـــــ نیو شالیمار کالونی نواں کوٹ ملتان روڈ لاہور (پاکستان)
ـــــ فون ۴۶۰۳۸۴
طبعِ اوّل ـــــ محرّم الحرام ۱۴۱۲ھ / جولائی ۱۹۹۱ء
تعداد ـــــ ۲۵۰۰
ہدیہ ـــــ دُعائے خیر بحقِ جمیع اُمّتِ مسلمہ
کتابت ـــــ خوشنویس محمد ناصر قادری (یکم رمضان المبارک ۱۴۱۱ھ
ـــــ (پیر) ۱۸ مارچ ۱۹۹۱ء تا ۲۹ ذوالحجہ ۱۴۱۱ھ
ـــــ (جمعۃ المبارک) ۱۲ جولائی ۱۹۹۱ء

نوٹ:۔ ۱۔ بسلسلۂ اشاعتِ عام عطیّات قابلِ قبول ہیں۔
۲۔ بغرضِ افادۂ عام خواہشمند حضرات کو اشاعت کی تحریری اجازت دی جاسکتی ہے۔

297.52
575

پرنٹرز
ـــــ فرینڈز سنز ۔ ۴۷ انڈسٹریل ایریا، کوٹ لکھپت لاہور
ـــــ فون:۔ ۸۴۱۴۷۴ ـ ۸۴۱۱۷۴

141389

Marfat.com

شبیہ عمامہ مبارک آنحضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بقدرِ شمائلہٖ و اسمائہٖ

مطلعِ انوار ہے دستارِ محبوبِ خدا — بوسہ گاہِ انبیاء و اولیاء و اصفیاء



کیسے بیاں ہو رفعتِ دستارِ مصطفیٰ — یاں عرش بھی تو فرش ہے نعلین پاک کا

قطعہ

بشکریہ مظفر وارثی

نعلینِ مصطفیٰ ہیں کہ دستارِ آسماں — دُنیا ہے یہ کہ نقشِ کفِ پائے مصطفیٰ
عمامہ نبی ہے کہ رحمت کا آئینہ — آواز دی خدا کو نظر آئے مصطفیٰ

احقر [illegible] علی عفی عنہ

Marfat.com

عطیہ:- بالیقین "یا ودود" گیارہ بار کے اول و آخر ایک
ایک بار درود شریف پڑھ کر سونے سے جس وقت چاہو آنکھ
کھلے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

Marfat.com

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ مِنْ نَفْخِہٖ وَنَفْثِہٖ وَھَمْزِہٖ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سُبْحَانَ اللّٰہِ عَدَدَ خَلْقِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ رِضٰی نَفْسِہٖ

سُبْحَانَ اللّٰہِ زِنَةَ عَرْشِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ مِدَادَ کَلِمَاتِہٖ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَدَدَ خَلْقِہٖ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رِضٰی نَفْسِہٖ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ زِنَةَ عَرْشِہٖ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ مِدَادَ کَلِمَاتِہٖ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ عَدَدَ خَلْقِہٖ اَللّٰہُ اَکْبَرُ رِضٰی نَفْسِہٖ

اَللّٰہُ اَکْبَرُ زِنَةَ عَرْشِہٖ اَللّٰہُ اَکْبَرُ مِدَادَ کَلِمَاتِہٖ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نُوْرِ ھُدٰی وَّاٰلِہٖ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فَضْلِ عُلٰی وَّاٰلِہٖ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ شَانِ وَلٰی وَاٰلِہٖ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی وَاٰلِہٖ

بَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ

مصحفِ را ورق ورق دیدم ہیچ سُورت نہ مثلِ صُورتِ اوست

Marfat.com

۷۸۶
۷۲۸

اِنتساب

بحمدِاللہِ وَشُکرَ اللہِ۔ تاجُ الوظائف مع رزّاقیہ آبِ حیات" چونکہ "رزّاقیہ فیضِ عام" کی ایک بیّن و روشن دلیل ہے اور کرامت۔ لہٰذا موجودہ وظائف کو گلشنِ وحدت نقشبندیہ المجدّدی الخالقی کے سدا بہار اور ابدی مہکنے اور جگ کو مہکانے والے پھول شمسُ العارفین خواجۂ خواجگان غوثِ دوراں قطبِ عالم حضرت سائیں عبدالرزّاق علیہ الرحمۃ و نوّر اللہ مرقدہٗ کی کرامتِ عالیہ قدسیہ کی نِسبت سے منسوب کیا جاتا ہے۔

چوں تو کر دی صورتِ مرشد قبول ہم خدا آمد بذاتش ہم رسول
پیرِ کامل صورتِ ظلِّ اِلٰہ یعنی دیدِ پیر دیدِ کبریا

(مولانا رومؒ)

Marfat.com

مردِ کامل کو جو تُو سمجھے حقیر
ہے نظر بندی یہ اے مردِ خبیر

ہے وُہ شاہِ دو جہانِ بحر و بر
تُو جسے سمجھا ہے مفلس اے پسر

حکم میں ان کے ہیں سب سنگ و حجر
چوب و باد و آب و خاک و خشک و تر

المختصر

گُفتۂ اُو گُفتۂ اللہ بود
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود

الٰہی! بحقِّ عبدِ رزّاق آں امام و مُرشدِ کامل
دلِ من شاد کُن معمور فرما دامن سائل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ وَاَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ط

آغازِ کتابت: یکم رمضان المبارک سنہ ۱۴۱۱ھ (پیر) مُطابق ۱۸- مارچ سنہ ۱۹۹۱ء
کتبہ: خوشی محمّد ناصر قادری خوش نویس خوش رقم جالندھری

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رُوحِ رَوانِ کتاب

اے دوست بیا زُود بہ خمخانۂ رُومیؒ — خواہی کہ دِلت پُر شود از مخزنِ اسرار

اے دوست بیا زُود بہ خمخانۂ سعدیؒ — خواہی ز دِلت محو شود ایں ہمہ افکار

اے دوست بیا زُود بہ خمخانۂ حافظؒ — از عِشق و محبّت اگرت ہست سروکار

اے دوست بیا زُود بہ خمخانۂ جامیؒ — از حُبِّ نبیؐ گر طلبی سینہ سرشار

اے دوست بیا زُود بہ خمخانۂ رزّاقؒ — در ساغرِ دل بادۂ وصل و مئے دیدار

اے دوست بہت جلد آجا میخانہ

—— رُومیؒ میں گر دل کے مخزن اسرارِ الٰہی بننے کا طالب ہے۔

—— سعدیؒ میں گر تمام تفکّرات سے نجات چاہتا ہے۔

—— حافظؒ میں اگر عشق و محبّتِ حقیقی سے لگاؤ ہے۔

—— جامیؒ میں گر عشقِ نبیؐ سے سینہ سرشاری چاہیئے۔

—— عبدِ رزّاقؒ میں اور پیمانۂ دل میں وصل و دیدارِ الٰہی کی مے بھر لے۔

(نوٹ:۔ رزّاقؒ سے مراد مرشدنا حضرت قبلہ سائیں عبد الرزّاق علیہ الرحمۃ ہیں)

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

(اِنَّمَآ اَمْرُہٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ ۝)



گلدستہ منازلِ سلوک

احقر راؤ جمشید علی رزاقی

Marfat.com





(مناجات)

لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا۔

۱
الٰہی مجھ سا بد کوئی نہیں ہے
مری ذلت کی حد کوئی نہیں ہے
توقع ہے ترے عفو و کرم کو!
کسی سائل سے کد کوئی نہیں ہے

۲
توقع ہے ترے جود و کرم سے
ترے اُس مرسلِ عالی ہمم سے
تری رحمت کا پرتو ذات جس کی
ہماری آبرو ہے جس کے دم سے

۳
توقع خواجگانِ باخدا سے
سفیرانِ محمد مصطفےٰ سے
توقع مرشدانِ باصفا سے
ہوئے منسوب جو تیری رضا سے

۴
مجھے بھی سوزِ روحانی عطا ہو!
مرا احوال بھی صدیقؓ سا ہو!
مرے دل کی نوا صلِّ علیٰ ہو!
مرا مقصودِ کل تیری رضا ہو!

۵
غمِ دنیا مرا معدوم کر دے! غمِ عقبیٰ مرا موہوم کر دے!
خداوندا، دعا میری یہی ہے کہ لَاتَحْزَنْ مرا مقسوم کر دے

تحریر و پیشکش: انیس الفقراء عاجز پروفیسر انیس احمد شیخ مدظلہ

Marfat.com

اصحاب رائے فرماتے ہیں

ـــــ کتاب ہذا کے فاضل مؤلف عالی جناب حضرت راؤ جمشید علی رزّاقی مدظلہ العالی کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں آپ بلند اخلاق اور روشن ضمیر عاشقِ رسول ہیں بسا اوقات آپ پر محویت کا اس قدر غلبہ ہوتا ہے کہ آپ جوش میں آکر نعرہ حق بلند کرتے بے ہوش ہو جاتے ہیں زیر نظر کتاب "تاج الوظائف معہ رزّاقیہ آبِ حیات" (معراج العاشقین) گلشنِ وحدت کے لئے نگارنگ توحیدی گلوں کا رنگین گلدستہ بنا کر ناظرین کی خدمت میں پیش کیا ہے جو سالکوں کے لئے مشعلِ راہ ہے جس سے سالکوں کے لئے منازلِ سلوک طے کرنے میں آسانی ہوگی۔ فاضل مؤلف نے اپنی والدہ ماجدہ سے ابتداء میں باطنی فیض حاصل کیا۔ آپ نے شیخ کامل رہبر طریقت و حقیقت و معرفت حضرت خواجہ سائیں عبدالرزّاق رحمۃ اللہ علیہ نوّر اللہ مرقدہٗ دیپال پور ضلع اوکاڑہ کے دستِ مبارک پر بیعت اختیار کر کے علومِ ظاہری و باطنی میں کمال درجہ

Marfat.com

حاصل کیا۔ فاضل مؤلّف جناب راؤ جمشید علی رزّاقی مدّظلہ العالی نے نہایت محنت و جانفشانی سے کتاب ہٰذا کو ایسے مضامین سے مرتّب کیا ہے جس سے عوام النّاس مُستفیض ہوں گے فضائلِ دُرود شریف و چہل حدیث و ارشاداتِ مُرشدِ کامل کو نہایت آسان و احسن طریقہ سے پایۂ تکمیل کو پہنچایا، جب کہ رزّاقیہ آبِ حیات میں اِک نئی سوچ اُبھر کر سامنے آئی ہے۔ ہماری دِلی پُرخلوص دُعا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے حبیبِ پاک حضرت محمد مُصطفٰے صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے طفیل مؤلّف کے ظاہری و باطنی رُوحانی درجات اُن کی شان کے مطابق بلند فرمائے۔ آمین ثم آمین!

عبدالغفور عرشی شہ محمد

۹ شوال ۱۴۱۱ھ بدھ ۲۴ اپریل ۱۹۹۱ء

دُعاگو: حکیم میاں عبدالغفور عرشی قادری فاضلی عفی عنہ
قادریہ شفاخانہ فضل سٹریٹ نزد المینار مسجد
نواں کوٹ ملتان روڈ لاہور ۲۴-۴-۹۱

Marfat.com

—— جناب محترم راؤ جمشید علی صاحب رزّاقی خلوص و ہمّت والے بزرگ ہیں۔ انہوں نے سنو اسے زیادہ درود شریف جمع کئے ہیں چہل حدیث اور فرمودات حضرتِ مرشد اس کے علاوہ —— ان کے مرشد جو ان کے شیخ کامل ہیں پیرِ طریقت اور صاحبِ معرفت ہیں سائیں عبدالرزّاق کے نامِ نامی اور اسمِ گرامی سے معروف ہیں۔ قدس اللہ سرہٗ۔ مرقد اُن کا دیپالپور ضلع اوکاڑہ میں ہے اور مرجعِ خواص و عوام ہے۔

حضرت راؤ جمشید علی اسی نسبتِ ارادت و محبّت سے اپنے نام کے ساتھ رزّاقی کا اضافہ فرماتے ہیں اسی نسبت داری کا یہ انداز بھی عقیدت کی گہرائی کا دلربا نشان ہے۔ یہ سارے درود شریف بھی حضرت مرشد کے روحانی اشارے کی تعمیل کا مظہر ہیں۔ اُن کا فیض عام ہوگا۔ مراد ہے کہ یہ کتاب جو اتنا بڑا مجموعہ ہے درود شریف کا فقط تحفہ اور تحیہّ ہوگی تاکہ اہل شوق اور اہلِ دل اکتسابِ انوارِ روحانی کریں اور حضرت جمشید علی رزّاقی کے پیر و مرشد کی خدمت میں دُعا عرض کرتے رہیں، حضرت راؤ جمشید علی رزّاقی کسی مالی منفعت کے طالب نہیں، ہاں فیضیاب ہونے والے اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں تو یہ قیمت بہت کافی ہے ۔

سُرمۂ مُفتِ نظر ہوں میری قیمت یہ ہے کہ رہے چشمِ خریدار پہ احساں میرا

اِن کلمات کا یہ مفہوم بھی واضح ہے کہ راؤ جمشید علی رزّاقی نے اس کتاب

Marfat.com

کی تیاری میں جو زرِ کثیر خرچ کیا ہے اس کا بیشتر حصّہ اپنی جیبِ خاص سے صرف کیا ہے۔ راؤ صاحب واپڈا میں ڈپٹی ڈائریکٹر ہیں اِس اعتبار سے یہ ظاہر ہے کہ وُہ متموّل شخص نہیں ہیں، لہٰذا ان کی جانب سے یہ ایثار قابلِ داد ہے۔ دُعا ہے کہ خداوند تعالیٰ ان کی طرف سے پیش کیا جانے والا یہ تحفہ ان کے پیر و مرشد کی بارگاہ میں مقبول و مبروک فرمائے، مزید دُعا ہے کہ خیر جویانِ اُمّتِ مسلمہ اور عاشقانِ جنابِ رسالتمآب صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اس چشمۂ فیض سے زیادہ سے زیادہ فیضیاب ہوں۔ یہی صلہ ہے راؤ جمشید علی راٹھور صاحب کی اُس محنتِ شاقہ کا جو اس مجموعۂ مبارکہ کی تیاری پر صرف ہوئی۔ حق یہ ہے کہ دِل کی بے پایاں لگن کے بغیر ایسے کارہائے ایثار عمل میں نہیں آتے، اور راؤ صاحب جیسے دیوانے، کامیاب دیوانے وُہ افراد ہیں جو عام یاب نہیں، خدا اُن کو دین و دُنیا کی بہتر سے بہتر اور پاکیزہ سے پاکیزہ نعمتوں سے نوازے اور نوازے رکھے۔ آمین۔ اَللّٰھُمَّ اٰمِیْن۔ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْن۔

دُعا گو

(پروفیسر) محمد منوّر

ڈائریکٹر اقبال اکیڈمی پاکستان لاہور

پیر ۱۸ ذوالحجہ ۱۴۱۱ھ / یکم جولائی ۱۹۹۱ء

Marfat.com

——— اجزائے کائنات کا باہمی ربط ہی وجودِ کائنات کا سبب ہے اور اجزائے ایمان کا اصلِ ایمان سے ربط ہی ضمانتِ ایمان ہے۔ امام غزالی علیہ الرحمۃ کا قول ہے کہ ایمان تین اصول پر مبنی ہے (۱) ایمان باللہ (۲) ایمان بالرسول (۳) ایمان بالآخرت پھر توضیح میں فرماتے ہیں کہ ایمان بالرسول ہی سے دیگر دو اصول مربوط ہوں تو نجات کی ضمانت میسر آتی ہے۔ گویا تعلق بالرسول ہی امام غزالیؒ کے نزدیک اصل الاصولِ ایمان ہے۔ اصلِ حقیقت سے وابستگی ہی اشیاء کے قرار کا وسیلہ ہے۔ ایمان کی مرکزیت دو عالم پناہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذاتِ حمیدہ صفات کا دوسرا نام ہے کیونکہ یہ مرکزیت، خالق و مخلوق کے باہمی تعلق کا آئینہ ہے۔ یا یوں کہنا چاہیئے کہ اشتراکِ تعلق کے لئے خالق و مخلوق کے درمیان ایک ذات موجود ہے اور اس تعلق کو مضبوط ترین کرنے کے لئے ایک عملی ہم آہنگی بھی درکار ہے تاکہ فکر و عمل کا ہر زاویہ خدا اور انسان کے رشتے کو مضبوط رکھے۔ قرآنِ کریم نے محبت کے اس رشتے کو اتنے خوبصورت انداز میں بیان فرمایا کہ محبت قانون بن گئی۔

ترجمہ۔ بالیقین اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود پڑھتے ہیں۔ اے اہلِ ایمان تم بھی اس (ذاتِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) پر درود پڑھو اور خوب خوب سلام عرض کرو۔

Marfat.com

گفتگو کے لامتناہی پہلو سازِ محبت پر نغمہ حدیثِ دل چھیڑنے پر اُکساتے ہیں مگر ایک اہم نکتہ اس آیتِ مبارکہ سے یہ بھی مستنبط ہوتا ہے کہ لغتِ عرب میں اَلنَّبِیُّ کے معانی اَلعشیٔ المرتفع بھی آتے ہیں یعنی وُہ وجُود جو بلند کر دیا گیا ہو۔ کلامِ خدا نے خوب قانونِ محبّت کی وضاحت کی کہ ہم ایک بلند مقام ذات پر سلسلہ درُود جاری کیے ہوتے ہیں۔ اگر تمہیں ہمارے سے بلند تعلّق (ایمان) درکار ہے تو تم بھی نہ صرف اس بلند ذات پر درُود پڑھو بلکہ اپنی حیثیّت کے مُطابق کلمہ سلامتی بھی عرض کیے جاؤ تاکہ تمہاری ذات حقیقی ایمانی اور انسانی بلندی پر فائز المرام ہو سکے۔

ع ہے انھی کا سب ہے انھی سے سب

درُود شریف پر ہی سلامتیِ ایمان موقوف ہو گئی اور اس کی قبولیّت پر سلامتیِ عشق موقوف ہو گئی گویا انسانیّت اور ایمان کی انتہائے بلندی درُود شریف ہی پر منحصر ہے۔ اسی لئے سرکارِ مدینہ، قرارِ سینہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا کہ جب کوئی شخص ہماری بارگاہ میں درُود بھیجتا ہے تو جماعتِ ملائکہ ہماری خدمت میں پیش کرتی ہے اور اگر درُود خواں زمرہ عشّاق میں سے ہو تو ہم خود سماعت فرماتے ہیں۔ فضیلت درُود شریف پر نجانے کس قدر کتب تصنیف ہوئیں، اور نہ معلوم کتنے ہی انداز سے

Marfat.com

درود شریف مرتّب ہوتے اہلِ ایمان جس انداز سے خوبیِ محبوب کا نظّارہ کرتے اُسی انداز سے درود شریف کے صیغے مرتّب کرتے رہے یہ ایک تحقیقی اور طویل گفتگو ہے۔

محترم راؤ جمشید علی رزّاقی صاحب نے درود شریف کی یہ کتاب اپنے سلسلے اور ذوق کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ترتیب دی ہے۔ اِس کتاب میں اُنھوں نے مختلف درود شریف جمع کیے ہیں اور اپنے سلسلۂ عالیہ کے وظائف بھی اِس کتاب کی زینت بنائے ہیں۔ درود شریف کی کتب سے ماخوذ یہ ایک گلدستۂ محبّت ہے جس کی خوشبو سے اہلِ ایمان اپنے مشامِ جان معطّر کرتے رہیں گے دِل کی اُجڑی بستیوں میں سامانِ نور میسّر آئے گا۔ اور یہ بیاضِ درود اُس وقت وسیلۂ نجات بن جائے گی جب لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ۔" (پ۲۴ مومن) (آج کس کی بادشاہت ہے؟ اللّٰہ کی جو واحد و غالب ہے) کی رُوح فرسا آواز گونجے گی اور ایمان کے تعلّق پُوچھے جائیں گے تو یہ بیاضِ صلوات مصنّف کے لیے فردِ ضمانت بن کر سامنے آئے گی ــــ اللّٰہ تعالیٰ بطفیل حبیبہٖ الاکرم صلّی اللّٰہ علیہ و آلہٖ وسلّم اپنی بارگاہ میں اِس سعی کو قبول فرمائیں۔ (آمین)

جسٹس محبوب احمد محبوب احمد

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ لاہور

۹ جولائی ۱۹۹۱ء (منگل) ۲۶ ذوالحجہ ۱۴۱۱ھ

CHIEF JUSTICE
LAHORE HIGH COURT

محبّت کے لئے کچھ خاص دل مخصوص ہوتے نہیں ، یہ وہ نغمہ ہے جو ہر ساز پر گایا نہیں جاتا

کتابِ تمنّا

نمبر شمار	صحتِ مضامین	صفحہ
۱	پیش لفظ	۱
۲	حرفے چند	۷
۳	نغمۂ توحید، صدائے مجذوب و تمنائے سالک (منظوم)	۱۰
۴	فرضیتِ درود پاک	۱۸
۵	فضائلِ درود شریف اور نہ پڑھنے پر وعید	۲۳
۶	درود و سلام پڑھنے کے اوقات، مقامات اور آداب	۳۱
۷	محسنِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم اور منظوم دعا	۳۹
۸	ارشاداتِ عالیہ مرشدِ کاملؒ	۶۳
۹	اے شہیدؒ تیری عظمت کو سلام	۷۱
۱۰	آہ و درد بھری اپیل	۷۵
۱۱	چہل حدیث (صلوٰۃ و سلام) اور چند دیگر درود پاک	۸۰
۱۲	رزّاقیہ آبِ حیات (i) الجزء الاوّل	۱۰۶/۱۰۸
	(ii) الجزء الثانی	۱۳۳
	(iii) الجزء الثالث	۱۷۳

Marfat.com

صفحہ	مضامین	نمبر شمار
۲۱۲	شجرہ شریف وختم خواجگانِ نقشبندیہ رزّاقیہ	۱۳
۲۲۷	دُرودِ عقیدت	۱۴
۲۳۱	مسنون طریقہ نماز اور چند ایک دیگر متعلّقات	۱۵
۲۴۶	ایک خاص مجموعہ دُرود و سلام	۱۶
۲۵۰	حقیقتِ "یٰس"	۱۷
۲۵۱	آخری خطبہ حجۃ الوداع	۱۸
۲۵۶	لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ	۱۹
۲۶۰	شُكْرًا لِلّٰهِ الْعَظِيْمِ	۲۰
۲۶۹	دائمی اوقاتِ نماز	۲۱
۲۷۲	مصادر و مراجع	۲۲
۲۷۳	نقشِ پائے مبارک	۲۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ۝

شوگر کے لیے تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں اوّل و آخر تین تین بار درود شریف روزانہ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ۔

Marfat.com

وہ کون ہے جو لاچاروں کی فریاد سنتا ہے جب وہ اسے پکارتے ہیں اور پھر وہ ان کی تکلیف دور کر دیتا ہے۔ اور تمہیں زمین کی خلافت عطا کر دیتا ہے تو کیا اللہ کے سوا کوئی اور ہے جس کی عبادت کی جائے مگر نہیں مگر تم بہت کم غور کرتے ہو۔



Marfat.com

پیش لفظ

گزارشات بشمولِ اجازت نامہ

موجودہ کتاب "تاج الوظائف مع رزّاقیہ آبِ حیات" ذکرِ اللہ (منظوم) فرضیّت و فضیلت، آداب و کیفیّاتِ درود پاک مختصر ذکر و حلیہ مبارک، چہل حدیث مشتمل بر صلوٰۃ و سلام، چند ایک دیگر محبوبِ کائنات محسنِ اعظم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے فرمودہ اور بزرگانِ دین سے منقول درودِ پاک جب کہ خصوصی مجموعہ صلوٰۃ و سلام بنام "رزّاقیہ آبِ حیات" بشمولِ شجرہ عالیہ نقشبندیہ خالقیہ رزّاقیہ، مزید ختم خواجگانِ نقشبندیہ، مختصر نماز کا مسنون طریقہ مع استغفار اور اس کی فضیلت اور تبرّکات وغیرہم پر مشتمل ہے۔ یہ رزّاقیہ فیضِ عام بھی ہے اور حصولِ رضائے الٰہی کا ایک سہل و مقبول ترینہ بھی۔ حقیر کا یہ نذرانہ عقیدت بحضور سرورِ کونین، باعثِ تخلیقِ کائنات، خیرُ الورٰی، محبوب و حبیبِ مکرّم و معظّم و محترم صلّی اللہ علیہ و

Marfat.com

آلہٖ وسلّم خاص کر "رزّاقیہ آبِ حیات" میں دیئے گئے درُود و سلام عطیہ وخاص فضل ہے خُداوندِ قدّوس و رحمٰن و رحیم و کریم کا اور ایک بیّن و روشن کرامت ہے بعد از وصالِ پاک مُرشدِ کامل غوثِ دَوراں قطبِ عالم خواجۂ خواجگاں شمسُ العارفین حضرت سائیں عبدالرزّاق نوّر اللہ مرقدہٗ مجدّدی شمسُ العرفانی النخاَلقی، دیپالپور شریف ضلع اوکاڑہ (پنجاب) پاکستان کی درُود و سلام کے "سلسلۂ جمشیدیہ رزّاقیہ" کا آغاز ۲ اور ۳ دسمبر ۱۹۸۹ء کی درمیانی شب بذریعہ خواب ہوا۔ مزید تیاری اور ترتیب کے مراحل میں خلیفۂ مجاز غوثِ دَوراں صدیق سائیں خواجہ نور احمد خان صاحب رزّاقی النخاَلقی مدظلّہ العالی سے مسلسل و باقاعدہ رابطہ رہا۔ جنہوں نے ہر قدم پر بے حد شفقت و محبّت سے خصُوصی راہنمائی فرمائی نیز کتاب ہذا خصُوصاً "رزّاقیہ آبِ حیات" کو بطور وظیفہ مکمل طور پر یا کچھ حِصّہ یا کوئی ایک درُود پاک پڑھنے کی عام اجازت عطا فرمائی۔ تاکہ ہر خاص و عام حسبِ حال و منشا اِس نعمتِ خاص سے فیضیاب ہو

Marfat.com

سکے یقینِ کامل سے جس بھی مقصد اور مشکل کے حل کے لیے باقاعدگی سے پڑھا جائے گا اکسیر و مجرّب ثابت ہوگا۔ (انشاء اللہ العزیز الحکیم الرحمٰن الرحیم الکریم الحیّ القیوم البصیر المجیب العلیّ وحدہٗ لاشریک لہٗ ذوالجلال والاکرام بے شک حقیقی مسبّب الاسباب و کارسازِ عظیم صرف اللہ تعالیٰ ہی کی ذاتِ باری ہے)۔

ؔ وِردِ اپنا ہمیشہ یہی دو نام ہیں بیدل
یا نامِ خدا لب پہ ہے یا نامِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

بحمدِ للہ! یہاں پر اُن تمام مشائخ عظام اور بزرگ ہستیوں، دینی درسگاہوں کے مُفتیان و عُلمائے کرام، شعبہ عربی و اسلامیات کے پروفیسر صاحبان، اساتذہ کرام اور دیگر محسنین کا تہہِ دل سے ممنون ہوں جنھوں نے کسی نہ کسی شکل میں کتاب ہذا کی تکمیل میں تعاون اور حوصلہ افزائی فرمائی۔ برسرِ تذکرہ لائق صد احترام بزرگ اللہ والے

Marfat.com

بابا جی رفیع الدّین شمسی صاحب عالی مرتبت کی شفقت اور الحاج غلام مصطفےٰ چغتائی صاحب کی مہربانیوں ، بزرگوارم الحاج اشفاق حسین صاحب کے احسانات جب کہ خصوصی توجہ محترم بزرگ حضرت مولانا مفتی راؤ عبد اللّطیف صاحب ــــ مزید عزّت مآب میاں عبد الغفور عرشی القادری دام برکاتہم العالیہ کی ذرّہ نوازیوں کا اعتراف بھی بے محل نہ ہوگا۔ بندہ ان کا بھی بے حد شکر گزار ہے۔ نیز اپنی بے علمی و بے مائیگی کا اقرار کرتے ہوئے نہایت ہی عاجزی اور انکساری سے استدعا ہے کہ مجھ خطا کے پُتلے کی بے بسی و بے چارگی اور نافہمی کے باعث اگر کسی جگہ کوئی غلطی پائیں تو نشاندہی فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں اسے دُرست کر لیا جائے۔

اے اللہ! رحمٰن و رحیم و کریم، یہ سب کچھ تیرے ہی خاص فضل و توفیق اور احسانِ عظیم سے ممکن ہوسکا۔ اسے قبول فرمالے۔

Marfat.com

اور اُمّتِ حبیبِ مکرّم و معظّم و محترم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو اپنے مکمّل حفظ و امان میں لے کر دائمی و قائمی طور پر صراطِ مستقیم اور راہِ ہدایت پر استقامت عطا فرما۔ دین و دُنیا کی بھلائیوں اور نعمتوں سے نواز۔ اور ہمیں اپنے مقرّب بندوں میں شامل کر لے۔ اے اللہ! جلّ شانہٗ، اکارِ خیر و ذکرِ خیر میں سب میں رہ کر سب سے جُدا سب کی صدا اور تیری پسندیدہ اداؤں والا مقرّب بندہ بن جاؤں آمین ثمّ آمین۔

کرُوں حمد و ثنا۔ یہ توفیق و رضا تیری ہے

کہوں صلّ علیٰ یہ بھی تو ادا تیری ہے

"اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِعِزَّتِہٖ وَجَلَالِہٖ تَتِمُّ الصّٰلِحَاتُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَی مِنْہُ اِلَّا اِلَیْہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ۔"

Marfat.com

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۚ وَ
سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

کائنات کا احقر و عاجز ترین ذرّہ

متمنّی و طالب: دُعائے خیر و برکتِ دارین برائے ملّتِ اسلامیہ۔

راؤ جمشید علی رزّاقی

رزّاقیہ منزل، حمید پارک گلی نمبر ۱، نیو شالیمار کالونی
نواں کوٹ ملتان روڈ۔ لاہور۔ پاکستان

فون نمبر
۳۸۴-۴۶۰

جہادِ اکبر

جہادِ نفس کو جہادِ اکبر فرمایا گیا ہے۔

بحوالہ حدیثِ پاک:۔

"رَجَعْنَا مِنَ الْجِهَادِ الْاَصْغَرِ اِلَى الْجِهَادِ الْاَكْبَرِ"

Marfat.com

حرفِ چند

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ
عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ وَاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ
بِسۡمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ خَیۡرِ الۡاَسۡمَآءِ وَبِحَمۡدِ لِلّٰہِ

محبت جس کی ہوتی ہے اُسی کا ذِکر کرتے ہیں
زباں پر میری جُز نامِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور کیا آئے

اِنتہائی خوش نصیبی کی بات ہے کہ والدہ محترمہ ایک عابدہ زاہدہ خاتون تھیں۔ اللہ کریم و رحیم اُنہیں اور سب کے والدین کو غریقِ رحمت فرمائے آمین ثم آمین۔ اُن کا معمول تھا کہ عشاء کی نماز کے بعد میرے قریب بیٹھ کر تسبیح پر درُود شریف کا وِرد کیا کرتیں۔ میں اُس وقت سکول کا کام کیا کرتا تھا جب کہ درُود شریف کا لازوال

Marfat.com

فیض مجھے والدہ محترمہ کی وساطت سے پہنچ رہا ہوتا تب سے فکرِ رسا کا محور درُود شریف بن گیا سوچ یہ تھی کاش شاعر ہوتا اور حضورِ پرنور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی نعتیں لکھتا خوش الحان ہوتا تو نعتیہ کلام جہان کو سُنا کر سکون پاتا۔ اللہ جلّ شانہٗ کا بے حد شکرِ عظیم ہے کہ اُس نے اپنے فضلِ خاص اور محسنِ کائنات حضور نبیِ اکرم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے طفیل اِس عاجز و احقر کو ایک مردِ کامل کا غلام بننے کا شرف بخشا۔ انتہائی شفیق شیخِ کامل، رہبرِ شریعت و طریقت، واقفِ اسرارِ حقیقت و معرفت خواجۂ خواجگان شمسُ العارفین حضرت سائیں عبدالرزّاق علیہ الرّحمۃ نوّر اللہ مرقدہٗ نے فیض کا دریا بہا دیا۔ واقعات و حقائق کی ایک داستان مرتّب ہوئی! اور مُسبّبُ الاسباب بارِی تعالیٰ نے "تاجُ الوظائف مع رزّاقیہ آبِ حیات" مدوّن کرنے کی سعادتِ عظمیٰ عطا فرمائی۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ یَا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ ٥

Marfat.com

؎ مَیں ہُوں کیا اور مری اوقات کیا ہے
حسب کیا ہے، نسب کیا، ذات کیا ہے
مگر واللہ تیری چشمِ رحمت
میری جانب اُٹھے تو بات کیا ہے

"اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِعِزَّتِہٖ وَجَلَالِہٖ تَتِمُّ الصّٰلِحٰتُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ۔

یکم رمضان المبارک ۱۴۱۱ھ — کائنات کا احقر و عاجز ترین ذرّہ
بروز پیر (دوشنبہ) — سگِ دربارِ عالیہ خالقیہ رزّاقیہ
مُطابق ۱۸ مارچ ۱۹۹۱ء — راؤ جمشید علی رزّاقی

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمْ

(درودِ شریف مندرجہ صدر کے ابجد کے حساب سے ۷۸۶ عدد ہیں)

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

"فَاذۡكُرُوۡنِیۡۤ اَذۡكُرۡكُمۡ وَاشۡكُرُوۡا لِیۡ وَلَا تَكۡفُرُوۡنِ"

"سَبَّحَ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَكِیۡمُ"

"وَاذۡكُرُوا اللّٰہَ كَثِیۡرًا لَّعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ" (القرآن)

نغمہ توحید

اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ — اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ
اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ — اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

ذرہ ذرہ میں تُو ہی تُو — ہر گُل میں شجر میں تیری بُو
کوئل کرتی ہے کُو، کُو، کُو — بُلبل چہکتی ہے ہُو، ہُو، ہُو
اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ — اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ
اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ — اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ اَللّٰہ

تُو ہی تُو تھا جب کچھ بھی نہ تھا — جب کچھ نہ رہے تُو ہی ہوگا

Marfat.com

پھر کون ہے کون ہیں تیرے سوا | تیرا ہی جلوہ ہے ہر سُو
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ | اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ | اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

تُو ہی خالق، تُو ہی مالک | ہے تیرے سوا سب کچھ ھَالِکْ
ہے وردِ زبانِ ہر سالک | یَاھُوْ مَن ھُوْ یَاھُوْ مَنْ ھُوْ
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ | اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ | اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

ہے سارے جہاں کی تُو رونق | اے ذاتِ احد نُورِ مطلق
اَنْتَ الْھَادِیْ اَنْتَ الْحَقُّ | لَیْسَ الْھَادِیْ اِلَّا ھُوْ
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ | اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ | اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

ہر شان میں تُو، ہر آن میں تُو | ہر آن ہے اِک نئی شان میں تُو
اے جانِ جہاں ہر جان میں تُو | ہے تُو ہی تُو، ہر سُو، ہر کُو

Marfat.com

اللہ اللہ اللہ اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ
اللہ اللہ اللہ اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ

عابد مصروفِ عبادت ہے — زاہد مشغولِ ریاضت ہے
عالم سرگرمِ ہدایت ہے — ہے تیری دُھن میں ہر سادُھو
اللہ اللہ اللہ اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ
اللہ اللہ اللہ اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ

دُنیا چھانی عالم میں پھرا — پھر تیرا سُراغ کہیں نہ مِلا
جب چشمِ بصیرت سے دیکھا — ہے دِل کے اندر تو ہی تُو
اللہ اللہ اللہ اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ
اللہ اللہ اللہ اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ

نحنُ اقرب سُنتا ہوں مگر — ادراکِ قُرب مجھے ہو اگر
ہو سمع بھی تُو، اور تُو ہی بصر — ظاہر باطن ہو تیری خُو
اللہ اللہ اللہ اللہ — اللہ اللہ اللہ اللہ

Marfat.com

اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ   اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
لاریب سمیع و بصیر ہے تُو   علّامِ غیوب و خبیر ہے تُو
بے مثل و نظیر ہے تُو   مشغول ہے ذکر میں ہر بُنِ مُو
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ   اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ   اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
حکمت تیری ہے حکیم ہے تُو   سب حادث اور قدیم ہے تُو
ہاں جانِ عبد علیم ہے تُو   یَا ھُوْ یَا ھُوْ یَا ھُوْ یَا ھُوْ
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ   اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ
اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ   اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ اَللّٰہُ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ
وَسَلَّمَ عَلَیْكَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہ

جہادِ نفس کے لئے روزہ بہترین ہتھیار اور تقویٰ کے لئے بہترین ڈھال ہے۔

Marfat.com

مجذوبؒ کی صدا

تیرے سوا معبودِ حقیقی کوئی نہیں ہے کوئی نہیں
تیرے سوا مقصودِ حقیقی کوئی نہیں ہے کوئی نہیں
تیرے سوا موجودِ حقیقی کوئی نہیں ہے کوئی نہیں
تیرے سوا مشہودِ حقیقی کوئی نہیں ہے کوئی نہیں
اب تو رہے بس تا دمِ آخر وردِ زباں اے میرے اِلٰہ
لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

یاد میں تیری سب کو بھلا دوں کوئی نہ مجھ کو یاد رہے
تجھ پہ سب گھر بار لٹا دوں خانۂ دل آباد رہے
سب خوشیوں کو آگ لگا دوں غم سے ترے دل شاد رہے
سب کو نظر سے اپنی گرا دوں تجھ سے فقط فریاد رہے
اب تو رہے بس تا دمِ آخر وردِ زباں اے میرے اِلٰہ

Marfat.com

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

مجھ کو سراپا ذِکر بنا دے، ذِکر ترا اَے میرے خُدا

نِکلے میرے ہر بُنِ مُو سے ذِکر تِرا اَے میرے خُدا

اَب تو کبھی چھوڑے نہ چھُوٹے ذِکر ترا اَے میرے خُدا

حلق سے نِکلے سانس کے بدلے ذکر تِرا اَے میرے خُدا

اَب تو رہے بس تا دمِ آخر وِردِ زباں اَے میرے اِلٰہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

پہلو میں جبتک قلب رہے اور تن میں جبتک جان رہے

لب پہ تِرا ہی نام رہے اور دل میں تِرا ہی دھیان رہے

جذب میں پرّاں ہوش رہے اور عقل مِری حیران رہے

لیکن تجھ سے غافل ہرگز دل نہ مِرا اِک آن رہے

اب تو رہے بس تا دمِ آخر وِردِ زباں اَے میرے اِلٰہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ

——— (خواجہ عزیز الحسن رح)

Marfat.com

وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ؕ ــــــ (القرآن)

دُعا اور تمنّائے سالک

اے جانِ جہاں، اے رُوحِ رواں، بس تو ہی رہے اور میں نہ رہُوں

مَیں تجھ میں ہُوں گُم، تو مجھ میں عیاں، بس تو ہی رہے اور میں نہ رہُوں

اوّل بھی تُو ہی، آخر بھی تُو ہی، ظاہر بھی تُو ہی، باطن بھی تُو ہی

مَیں جو کچھ ہُوں تجھ میں ہُوں نہاں، بس تُو ہی رہے اور میں نہ رہُوں

فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ کا بھید مِلے، وَھُوَ مَعَکُمْ کا رمز کھُلے

ہو سمع بھی تُو، اور تُو ہی زباں، بس تُو ہی رہے اور مَیں نہ رہُوں

یہ مَیں اور تُو کا فرق مِٹے، گر فضل سے تیرے پردہ اُٹھے

پھر تُو ہی عیاں ہو، تُو ہی نہاں، بس تُو ہی رہے اور مَیں نہ رہُوں

مَیں تھا ہی کہاں؟ اور ہُوں بھی کہاں ہستی ہے مری اِک وہم و گماں

جب آئے یقیں مٹ جائے گماں، بس تُو ہی رہے اور مَیں نہ رہُوں

Marfat.com

کہتا ہے علیم خستہ جگر، دن رات یہی با دیدۂ تر
اے جلوہ نمائے کون و مکاں، بس تو ہی رہے اور میں نہ رہوں

اٰمِین ثُمَّ اٰمِین بِجَاہِ طٰہٰ وَیٰسٓ وَمُزَّمِّلُ وَمُدَّثِّرُ وَشَفِیعُ وَحَبِیبُ وَرَءُوفُ وَرَحِیمُ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۞ وَجَزَی اللّٰہُ عَنَّا سَیِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مَاھُوَ اَھْلُہٗ۔ اِلٰھِیْ بِسِرِّ اَسْرَارِ الْفَاتِحَۃ اور

بحقِ عبدِ رزاقؒ، آں امام و مرشدِ کامل
دلِ من شاد کُن، معمور فرما دامنِ سائل

بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۞

کُتّا در در پھرے اور در در دُر دُر ہو
جے اک در کا ہو رہے تو دُر دُر کرے نہ کو

Marfat.com

بسم اللہ تعالیٰ وبحمدہٖ

فرضیتِ درودِ پاک

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ وَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ الرَّءُوْفِ الرَّحِیْمِ وَسِرِّ الْاَسْمَآءِ الْحُسْنٰی وَمَظْہَرِ الصِّفَاتِ الْاَسْمَآءِ الْحُسْنٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ ۔

فرمانِ الٰہی ہے :-

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○

(سورۃ احزاب ، پارہ ۲۲، آیت ۵۶)

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی دینِ حق کی شرطِ اوّل ہے
اسی میں ہو اگر خامی تو ایماں نامکمل ہے (حفیظ جالندھری)

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَمُسْتَحِقُّہٗ عَدَدَ خَلْقِکَ وَرِضَآءَ
نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَمِدَادَ کَلِمَاتِکَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ٥

ثنا جس کی خود خدا کرے
پھر کس کی مجال حق ادا کرے

سیّد الانبیاء والمرسلین حبیبِ کبریا احمدِ مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلّم کی اس جہانِ آب و گِل میں تشریف آوری عالمِ انسانیت بلکہ تمام جہانوں پر خداوندِ قدّوس و رحیم و کریم کا احسانِ عظیم ہے اور یہ اللہ جلّ شانہٗ کی اتنی عظیم و محبوب تخلیق ہے جس کو محمدؐ و احمدؐ و رحمۃ للعالمینؐ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم جیسے ذاتی وصفاتی اسمائے گرامی سے نواز کر سب سے پہلے قرآن مجید، فرقانِ الحمید میں خود اپنے ذکر کا اور سب فرشتوں کا درود بھیجنا

Marfat.com

بیان کیا اور پھر تمام اہلِ ایمان پر فرض کر دیا کہ وُہ بھی دُرود و سلام بھیجیں۔ اِس طرح دُرود و سلام بھیجتے وقت وُہ کام کیا جاتا ہے جو اللہ کریم اَور اُن کے فرشتے کرتے ہیں۔ اس میں کسی دن یا وقت کا تعیّن نہیں بلکہ یہ سلسلہ ہر لمحہ و ساعت دائمی و قائمی طور پر جاری و ساری ہے۔ روزِ قیامت جب تمام کائنات ختم ہو جائے گی۔ اَور اِس طرح ہر قسم کی عبادت معطّل ہو جائے گی لیکن سُبحان اللہ کیا شانِ حبیبِ مکرّم و معظّم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم ہے کہ دُرود و سلام پھر بھی جاری رہے گا۔ کیونکہ اللہ حیٌّ و قیّومُ ہمیشہ ہمیشہ کے لِئے ہے۔ اَور وُہ خود نبی اکرم رؤف و رحیم و کریم پر دُرود و سلام مسلسل ہر ہر ساعت و مدت بھیج رہا ہے۔ قرآن مجید میں دُرود و سلام کا حکم مدینہ طیّبہ و منوّرہ میں سنہ ۲ھ ماہِ شعبانُ المعظّم کو ہوا۔ اِسی مُناسبت سے بزرگانِ دین ماہ شعبان المعظّم خاص کر پندرھویں شب (شبِ برآت) کو حضور صاحبِ لولاک صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی دُنیا میں تشریف آوری کے مہینے ربیع الاوّل ھـ

Marfat.com

جمعۃ المبارک اور ان کی راتوں میں کثرت سے درود و سلام پڑھتے ہیں۔

عالمِ انسانیت بلکہ پوری کائنات پر حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اتنے احسانات ہیں کہ دنیا بھر کے ادیب اور قلم کار لاکھوں برس تک قلم بندی کرتے رہیں تو صرف دیباچہ بھی تحریر نہ ہو سکے۔ لہٰذا اپنی بہتری و بھلائی اور رضائے الٰہی کے حصول کے لئے فرضِ عین ہے کہ حبیبِ مکرم و معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اقدس اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رؤف و رحیم اور ہماری بہتری کے لئے ہر وقت حریص ہونے کا بھی تقاضا ہے کہ بے حد محبت و عزت اور احترام سے صبح و شام خاص کر اور وقت نکال کر عمومی طور پر جتنا بھی ہو سکے درود و سلام بھیجتے رہیں۔

اگرچہ ہماری تو یہ حالت ہے ؎

ہزار بار بشویم دہن زمشک و گلاب
ہنوز نامِ تو گفتن کمالِ بے ادبی ست

لیکن عشق و محبت میں تو ہر چیز جائز ہے اس لئے عظیم محسن صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہر ہر گھڑی درود و سلام کی سوغاتیں بھیجتے رہنا نجات و

Marfat.com

عبادت اور رضائے الٰہی کا آسان اور سہل ترین طریقہ و عمل ہے۔
صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَسَلَّمْ۔ (خضریہ)
ے ٹھوکریں کھاتے پھرو گے ان کے در پہ پڑے رہو
قافلہ تو اے رضا اوّل گیا آخر گیا
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ وَاَصْحَابِ
سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ (خالقیہ زاقیہ مجددیہ)

ذکرِ "اللہ" اور اسمِ "اللہ" کلیدِ معرفت، مشاہدے اور وصال کا واحد ذریعہ ہے۔ (شارعِ اسلام اور بزرگانِ دین)

اَنَا بَیْنَ شَفَتَیْہِ اِذَا ذَکَرَنِیْ (حدیث)

میرے ذکر کے وقت میں ذاکر کے ہونٹوں کے درمیان ہوتا ہوں۔ (فرمانِ خداوندی)

۱۶۱۳۸۹

Marfat.com

فضائلِ دُرود شریف

فضائلِ دُرود شریف کا ادراک مخلوق کے لئے محال ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ رحیم و کریم کا اپنا فعل ہے۔ لہذا فیوض و برکات بھی اسی کی شان کے حساب سے ہوگا۔ یہاں بے شمار اور بے حد و بے حساب فضائل میں سے چند ایک بطور برکت و عقیدت اور ترغیب بیان کئے جاتے ہیں:۔

۱۔ ایک مرتبہ دُرود پڑھنے والے پر اللہ کریم دس مرتبہ دُرود بھیجتے ہیں۔ دس گناہ معاف کرتے ہیں۔ دس درجات بلند کرتے ہیں۔ لہذا کثرت سے دُرود و سلام عرض کرنے والے کی بھلائی و بہتری کا اندازہ لگانا محال ہے۔

۲۔ کثرت سے دُرود و سلام بھیجنے والے کے اعمال بڑی ترازو میں تولے جائیں گے۔

Marfat.com

۳۔ پُلصراط کے اندھیرے میں نُور (روشنی) ہے۔

۴۔ قیامت کے خطرات سے حفاظت ہوگی۔

۵۔ کثرت سے دُرود شریف پڑھنے والا حبیبِ مکرّم و معظّم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کے سب سے زیادہ قریب ہوگا۔ اور

۶۔ عرش کے سایہ میں ہوگا۔

۷۔ صُبح و شام دس دس بار دُرود و سلام پڑھنے والے کی شفاعت لازمی کی جائے گی۔

۸۔ دُرود شریف صدقہ اور راہِ خُدا میں غُلام آزاد کرنے جیسا صِلہ ہے۔

۹۔ کثرتِ دُرود شریف سے ہر حاجت پُوری ہوتی ہے۔ بیمار کو شفا مِلتی ہے۔ پریشان حال کی پریشانی دُور ہوتی ہے ہر لحاظ سے فلاح و نجات اور سُرخروئی و کامیابی ہر جہان میں میسّر آنے کا ذریعہ ہے۔

Marfat.com

۱۰۔ حدیث پاک ہے۔ اوّل اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا ء کرو۔ پھر درُود و سلام مجھ (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) پر بھیجو اور پھر دُعا مانگو۔ نیز دُعا کے اوّل و آخر درُود پڑھنا مستحب ہے۔ بلکہ بغیر اوّل و آخر درُود شریف دُعا معلّق رہتی ہے اور درجۂ قبولیّت کو نہیں پہنچ پاتی لہٰذا دُعا کی قبولیّت کے لیئے درُود و سلام کی شرط ہے۔ کیونکہ درُود ہر حال میں مقبول ہے۔ لہٰذا اِس کی برکت سے پُوری دُعا کی قبولیّت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ یہی شانِ کریمی و رحیمی ہے کہ وُہ جُز کی بجائے پُوری دُعا قبول کر لے۔

۱۱۔ اللہ تعالیٰ سے خوشی سے ملاقات کا ذریعہ کثرتِ درُود ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی شفقت و مہربانی کا باعث اور اُس کے غضب و جلال کو رحمت و جمال میں بدلنے کا ذریعہ ہے اور باعثِ زیارت و حضوری صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

Marfat.com

وَّعَلٰی اٰلِ وَاَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ الْاَسْمَآءِ الْحُسْنٰی بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

خواجہ حسن بصری علیہ الرّحمۃ کا قول

خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جس نے حضرت عزت عزّ اسمہٗ کو "اَللّٰھُمَّ" سے یاد کیا۔ گویا اُس نے تمام کے تمام اسمائے حُسنٰی شریف کے ساتھ ذاتِ باری کو یاد کیا۔ لفظ "اَللّٰھُمَّ" سب اسمائے حُسنٰی اور صفاتِ باری تعالیٰ جلّ شانہٗ کے لئے مرأت ہے۔

مقالاتِ مشائخ رحمہم اللہ تعالیٰ

اکثر مشائخ عظامؒ فرماتے ہیں کہ مُرشد (شیخ) کامل نہ ملنے کے وقت طالب مولیٰ کے لئے درُود شریف ہی طریقہ موصل الی اللہ ہے۔ توجّہ بہ لفظ "اَللّٰھُمَّ" سے وصُول بدرگاہِ الٰہی و قرب حضرت

Marfat.com

رسالت مآب حبیبِ مکرّم و معظّم و محترم صلّی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلّم نصیب ہوگا بعض مشائخ قدس اللہ اسرارہم "قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ" اور کثرتِ درُود شریف کی وصیّت فرماتے ہیں۔ یہ اس لیئے کہ اوّل الذکر سے واحد" احد" اور ثانی الذکر سے سرورِ انبیاء علیٰ نبیّنا وعلیہم الصّلوٰت والتّسلیمات کے ساتھ محبّت وہم صُحبتی حاصل ہوتی ہے۔

مشائخ متاخّرین قدس اللہ اسرارہم کے نزدیک مُرشد کی عدم موجودگی یا ملنے کے وقت طریقِ سلوک وتحصیل و معرفتِ الٰہی کے لیئے متابعتِ شریعت و دوامِ ذکر اور کثرتِ صلوٰۃ علیٰ خیر البریّات صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا التزامِ باطن میں نورِ عظیم اور بے واسطہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم سے فیض پہنچاتی ہے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلیٰٓ اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

خواب میں زیارتِ پاک صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم

بزرگان سے منقول مجرّب درُود شریف: حضرت شیخ

Marfat.com

عبدالحق محدّث دہلوی علیہ الرحمۃ نے کتاب اہل السّعادات میں فرمایا ہے۔ جو شبِ جمعہ میں دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں گیارہ گیارہ مرتبہ آیت الکرسی، گیارہ مرتبہ ہی سورۃ اخلاص یعنی قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ.... آخر تک اور بعد سلام سو بار درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ پڑھے، اِنشاءاللہ تعالیٰ تین جمعے گزرنے سے پہلے ہی زیارتِ پاک نصیب ہوگی۔ دیگر شیخ موصوف نے لکھّا ہے کہ جو شخص دو رکعت نفل میں ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد پچّیس ۲۵ بار سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک ہزار مرتبہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ پڑھے تو اِنشاءاللہ تعالیٰ دولتِ زیارتِ پاک سے بہرہ ور ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَسَلَّمَ ط

Marfat.com

درود و سلام نہ پڑھنے پر وعید

درود و سلام پڑھنے کی جتنی تاکید آئی ہے اُتنی ہی نہ پڑھنے پر وعید اور عتابِ الٰہی کا ذکر ہے۔ حدیث پاک ہے۔

۱۔ بخیل و بدبخت ہے وہ جس کے سامنے میرا (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ذکر آئے اور وہ درود نہ بھیجے۔

۲۔ جو قوم اپنی مجالس میں ذکرِ الٰہی اور حبیبِ مکرّم و معظّم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود اختیار نہ کرے تو یہ مجلس قیامت کو اُن کے لئے ایک مصیبت ہو گی۔ پھر اللہ رحمٰن و رحیم و کریم کو اختیار ہے کہ وہ معاف کرے یا عتاب کرے۔

۳۔ مشہور حدیثِ پاک ہے کہ ایک دفعہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے منبر کی تینوں سیڑھیوں پر قدم رکھتے ہوئے تینوں مرتبہ "آمین" فرمایا۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے دریافت کرنے پر فرمایا کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حاضر

Marfat.com

ہوئے تھے جب پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو اُس نے کہا ہلاک ہو وُہ شخص جس نے رمضان المبارک پایا اور وُہ بخشا نہ گیا اِس پر مَیں نے "آمین" کہا۔ دُوسری سیڑھی پر قدم رکھنے پر اُس نے کہا کہ ہلاک ہو وُہ جس نے والدین کو یا اُن میں سے ایک کو پایا اور اُس نے اُن کے بڑھاپے میں خدمت کر کے جنّت حاصل نہ کی مَیں نے کہا "آمین"۔ تیسرے قدم پر جبرائیل علیہ السّلام نے کہا۔ ہلاک ہو وُہ جس نے میرا (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) ذکر سُنا اور دُرود نہ بھیجا۔ مَیں نے کہا۔ "آمین"۔

مندرجہ بالا حقائق و احادیثِ مُبارکہ سے دُرود و سلام کی فرضیّت اور فضائل و برکات نیز اس کے نہ پڑھنے والے پر وعید و عتابِ الٰہی کا بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اللہ کریم سے اِلتجا اور خضُوع و خشُوع کے ساتھ تہہِ دل سے دُعا ہے کہ دُرود و سلام بھیجنے میں سب سے بڑھ کر حریص بنا دے۔ آمین ثُمّ آمین۔

Marfat.com

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الرَّحْمَةِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝

درود وسلام پڑھنے کے اوقات ومقامات

۱۔ تمام نمازوں کے آخری قعدہ میں التحیات کے بعد۔

۲۔ نمازِ جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد۔

۳۔ جمعۃ المبارک کے خطبوں میں۔

۴۔ نمازِ عیدین میں اور خطباتِ عیدین میں۔ تمام دینی خطبات میں اور نمازِ استسقاء میں۔

۵۔ سورج اور چاند گرہن کے وقت۔

۶۔ اذان اور نمازوں کے وقت۔

۷۔ اقامتِ نماز کے وقت۔

۸۔ مساجد میں داخل ہوتے اور باہر جاتے وقت۔

۹۔ وضو کرتے وقت اور وضو کے بعد۔

Marfat.com

۱۰۔ تیمّم کرتے وقت اور بعد ہٗ۔

۱۱۔ پاک ہونے والے غسل کے بعد۔

۱۲۔ ہر دُعا کے اوّل و آخر اور درمیان میں۔

۱۳۔ حاجی صاحبان تلبیہ (لبّیک) پڑھنے کے بعد۔

۱۴۔ حجرِ اسود کو بوسہ دیتے وقت۔

۱۵۔ صفا اور مروا پر۔

۱۶۔ منٰی کی مسجدِ خیف میں۔

۱۷۔ حج کے دن میدانِ عرفات میں۔

۱۸۔ طوافِ وداع سے فارغ ہونے کے بعد۔

۱۹۔ مدینہ منوّرہ کے دَورانِ سفر۔

۲۰۔ کثرت سے مدینہ منوّرہ میں داخل ہوتے وقت اور دَورانِ قیام۔

۲۱۔ مسجدِ نبوی میں داخل ہوتے وقت اور زیارتِ روضۂ رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے وقت۔

۲۲۔ آثارِ متبرکہ مثلاً تمام مساجد و جبلِ اُحد و مقامِ بدر و مقاماتِ مقدّسہ کی زیارت کے وقت۔

۲۳۔ جمعۃ المبارک کی رات اور دن خاص کر جمعۃ المبارک کے روز بعد از نمازِ عصر درُود وسلام کی کثرت کرنی چاہیئے۔

۲۴۔ صُبح وشام۔ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد اور فارغ اوقات میں

۲۵۔ حضور نبی کریم حبیبِ مکرّم و معظّم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا اِسمِ مُبارک سُنتے، پڑھتے، لِکھتے وقت، خطوط، رسائل کتب کے شروع کرتے وقت بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے بعد، یہ سُنّتِ حضرت صدّیقِ اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔

۲۶۔ مجالس کے خطابات سے پہلے اور اختتام پر۔

۲۷۔ قرآنِ کریم شروع کرتے وقت اور اختتام پر۔

۲۸۔ گھر میں داخل ہوتے وقت اور رُخصت ہوتے وقت۔

Marfat.com

۲۹۔ کسی چیز کے بھول جانے پر، مُصیبت اَور پریشانی کے آنے اَور ٹل جانے پر۔

۳۰۔ لڑائی جھگڑا ختم کرنے کے لیئے۔

۳۱۔ دُرود پاک صدقہ دینے کو، مال نہ ہو تو مُفلِس کے لیئے بہترین طریقہ صدقہ ادا کرنے کا۔

۳۲۔ کسی سواری پر سوار ہوتے اَور اُترتے وقت۔

۳۳۔ احباب سے مِلتے وقت۔

۳۴۔ پاؤں کے سُن ہونے پر۔

۳۵۔ رات کو سوتے وقت اَور سو کر کھڑے ہونے پر۔

۳۶۔ مساجد کے پاس سے گزرنے اَور دیکھنے پر۔

۳۷۔ منگنی اَور نکاح کے وقت۔

۳۸۔ خطاؤں اَور گناہ سے توبہ کے وقت۔

۳۹۔ مُحتاجی کی دُوری کے لیئے۔

Marfat.com

۴۰۔ ہر نیک کام شروع کرتے وقت۔ ہر قسم کی ادائیگی فرض کے وقت۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّظْھَرِ الصِّفَاتِ الْاَسْمَآءِ الْحُسْنٰی وَعَلٰی اٰلِہٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰہِ تَعَالٰی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ وَاَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّنَفْسٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ۝ (باقاعدہ وظیفہ سے براہِ راست نبیٔ مکرّم و معظّم و محترم صلی اللہ علیہ وآلہ تربیت فرماتے ہیں)۔

بے اَدباں مقصود نہ حاصل وچہ درگاہ نہ ڈھوئی
تے منزل مقصود نہ پہنچے باجھ اَدب تھیں کوئی

درود شریف پڑھنے کے آداب

"اَدب پہلا قرینہ ہے محبّت کے قرینوں میں"

۱۔ درود شریف بغیر وضو پڑھا جاسکتا ہے لیکن احترام اور

فضیلت کا تقاضا ہے کہ زیادہ سے زیادہ فیوض و برکات اللہ کریم کی خاص شفقت و رحمت اور فضل و کرم نیز زیارتِ پاک حبیبِ مکرّم و معظّم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم جیسے انعام و اکرام کے حصول کے لئے باوضو، باادب ہونا اور خضوع و خشوع لازم و ملزوم ہیں۔

محمدؐ کی غلامی ہے سند آزاد ہونے کی
خدا کے دامنِ توحید میں آباد ہونے کی (حفیظ جالندھری)

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مَاھُوَ اَھْلُہٗ۔

ب۔ مندرجہ ذیل جگہوں پر درود شریف پڑھنا مکروہ ہے:۔

۱۔ نجاست اور گندگی والی جگہ۔

۲۔ پیشاب و پاخانہ کے وقت۔

۳۔ چھینک آتے وقت۔

Marfat.com

۴۔ ٹھوکر کھانے کے وقت۔

۵۔ تعجّب کے وقت۔

۶۔ مباشرت کے وقت۔

۷۔ کسی چیز کے کاٹنے یا ذبح کرتے وقت۔

بے ادب بے نصیب با ادب با نصیب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ وَ اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ وَ مِائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلَیْہِ

دُرودِ پاک کی کیفیّات (صِیغے)

دُرود و سلام کی اِتنی کیفیّات یعنی صِیغے ہیں کہ ان کا شمار مشکل ترین کام ہے۔ کچھ صیغے "افضل الصلوٰت"، "مجموعۂ صلوٰت و سلام" اور "دلائل الخیرات" شریف میں مذکور ہیں۔ لہٰذا حُبّ اور عشق و محبّت کا تقاضا ہے کہ زندگی میں جتنے بھی زیادہ سے زیادہ صیغوں پر

Marfat.com

مشتمل درود و سلام میسر آئیں کم از کم ایک مرتبہ تو ضرور انہیں پڑھ لینا چاہیئے۔ اس حقیر و فقیر کے نزدیک بطور وظیفہ سالک کے لئے پیرو مرشد (شیخ) کا فرمودہ درود شریف سب سے افضل ہوتا ہے۔ اس میں تو کوئی شک نہیں کہ رحمۃٌ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمودہ درودِ پاک سب سے فضیلت کا حامل ہے لیکن دیگر درود پاک بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پسند فرماتے ہیں۔ دراصل مختلف صیغے محبّ و محبوبِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صفاتِ حسنہ کا اظہار ہیں۔ جو قیامت تک عشّاق اپنے اپنے انداز میں بیان کرتے رہیں گے مگر پھر بھی کما حقّہٗ شانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حق ادا نہ ہو سکے گا۔

یَا صَاحِبَ الْجَمَالِ وَیَا سَیِّدَ الْبَشَرْ ۔ مِنْ وَّجْهِكَ الْمُنِیْرِ لَقَدْ نُوِّرَ الْقَمَرْ

لَا یُمْکِنُ الثَّنَاءُ کَمَا کَانَ حَقَّهٗ ۔ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

(جامی)

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللہِ

Marfat.com

مُبَسْمِلاً وَّحَامِدًا وَّمُحَمِّدًا جل وعلا
وَمُصَلِّیاً وَّمُسَلِّماً مُّحَمَّدًا صلی اللہ علیہ وسلم

مُحسنِ کائنات مُحمّدِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

شاہنشہِ ارض وسما بَلَغَ الْعُلیٰ بِکَمَالِہٖ
وصفِ رُخِ اُو وَالضُّحیٰ کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ
قرآں باخلاقش گواہ حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ
صِدْقاً یقیناً راسخاً صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ

ایمان وعقیدہ یہ ہے کہ آپؐ کی مثل نہ کوئی پیدا ہوا نہ ہوگا۔

لَمْ یَخْلُقِ الرَّحْمٰنُ مِثْلَ مُحَمَّدٍ
اَبَدًا وَّعِلْمِیْ اَنَّہٗ لَا یَخْلُقُ

(حیوۃ الحیوان للعلامہ کمال الدین الدمیری الشافعیؒ جزاول ص۴۲)

Marfat.com

ے اے کہ تیرا وجود ہے وجہِ وجودِ کائنات
اے کہ تیرے وجود پر خالقِ دوجہاں کو ناز

نسب نامہ شریف (مختصر)

سیّدنا و مولانا محمدؐ (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرّہ بن کعب بن لوئی بن غالب بن فہر الملقب بہ قریش بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان سے ہوتا ہوا حضرت اسمٰعیلؑ ذبیح اللہ تک پہنچتا ہے۔ آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا نسب تمام انساب سے اشرف اور اعلیٰ وارفع ہے

ے فخرِ آدم سرورِ عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم
سب سے برتر سب سے مکرّم صلّی اللہ علیہ وسلّم

مجھے اپنی پستی کی شرم ہے تیری رفعتوں کا خیال ہے
مگر اپنے دل کو میں کیا کروں اسے پھر بھی شوقِ وصال ہے

Marfat.com



مکتوب نبوی بنام منذر بن ساوی [illegible]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

من محمد رسول الله إلى المنذر بن ساوى ، سلام عليك فإنى احمد الله اليك الذى لا إله غيره وأشهد أن لا إله إلا الله وأن محمداً عبده ورسوله. اما بعد فإنى أذكرك الله عزوجل فإنه من ينصح فإنما ينصح لنفسه وإنه من يطع رسلى ويتبع امرهم فقد أطاعنى ومن نصح لهم فقد نصح لى وان رسلى قد أثنوا عليك خيرا وانى قد شفعتك فى قومك فاترك للمسلمين ما أسلموا عليه وعفوت عن اهل الذنوب فاقبل منهم وانك مهما تصلح فلم نعزلك عن عملك ومن أقام على يهوديته أو مجوسيته فعليه الجزية.

الله
رسول
محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جانب سے بنام

منذر بن ساوی ، سلام علیک ، میں اس خدا کی حمد بیان کرتا ہوں تم سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

اما بعد میں یاد دلاتا ہوں تم کو اللہ عزوجل کی، کیونکہ جو نصیحت کرتا ہے وہ اپنے لیے ہی نصیحت کرتا ہے اور جس نے میرے قاصدوں کی اطاعت کی اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین کی پیروی کی اس نے میری اطاعت کی اور جس نے اس کے ساتھ خیرخواہی کی اس نے میرے ساتھ خیرخواہی کی۔ اور میرے قاصدوں نے تمہاری اچھی تعریف کی ہے اور میں نے تمہاری سفارش کی ہے تمہاری قوم میں لہٰذا مسلمانوں کو ان کے اسلام پر چھوڑ دو! اور میں نے معاف کر دیا گناہگاروں کو۔ لہٰذا تم بھی ان سے (توبہ) قبول کرلو، اور تم راہ راست پر آجاؤ گے تو ہم تم کو تمہارے منصب سے معزول نہیں کریں گے اور جو اپنے یہودی یا مجوسی مذہب پر قائم رہا تو اس پر جزیہ (ٹیکس) عائد ہوگا۔

اللہ
رسول
محمد

Marfat.com

مُہرِ نبوت آنحضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بقدرِ شمائلہٖ و اسمائہٖ



صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم

Marfat.com

صلوٰتُ النَّسَبِ الْعَالِی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا
مُحَمَّدٍ عَظِیْمِ الْاٰبَآءِ مِنْ سَیِّدِنَا اٰدَمَ اِلٰی سَیِّدِنَا
عَبْدِ اللّٰهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ
مَوْلٰنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ابْنِ
هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مُنَافِ بْنِ قُصَیِّ بْنِ حَکِیْمِ ابْنِ مُرَّةَ
بْنِ کَعْبِ بْنِ لُؤَیِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ ابْنِ مَالِكِ بْنِ
النَّضْرِ بْنِ کِنَانَةَ بْنِ خُزَیْمَةَ ابْنِ مُدْرِکَةَ بْنِ اِلْیَاسَ
بْنِ مُضَرَ بْنِ نِزَارِ ابْنَ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَانِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ
وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ کَرِیْمِ
الْاُمَّهَاتِ مِنْ سَیِّدَتِنَا السَّیِّدَةِ حَوَّآءَ اِلٰی سَیِّدَتِنَا

Marfat.com

السَّيِّدَةِ اٰمِنَةَ بِنْتِ وَهْبِ بْنِ عَبْدِ مُنَافِ ابْنِ زُهْرَةَ
بْنِ حَكِيْمٍ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَاَوْلَادِهٖ سَيِّدِنَا
الْقَاسِمِ وَسَيِّدِنَا عَبْدِ اللّٰهِ وَسَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ ط اَللّٰهُمَّ
صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَبَنَاتِهٖ سَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ
زَيْنَبَ وَسَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ رُقَيَّةَ وَسَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ
اُمِّ كُلْثُوْمٍ وَسَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ
اُمِّ مَوْلَانَا الْاِمَامِ الْحَسَنِ وَمَوْلَانَا الْاِمَامِ الْحُسَيْنِ
وَسَيِّدَتِنَا السَّيِّدَةِ زَيْنَبَ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ
بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَعَلٰى عَمَّيْهِ خَيْرِ النَّاسِ سَيِّدِنَا
حَمْزَةَ وَسَيِّدِنَا الْعَبَّاسِ ط اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اٰلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

Marfat.com

وَرَحمۃُ اللّٰہِ تعالٰی وَبَرَکَاتُہٗ اِنَّمَا یُرِیدُ اللّٰہُ لِیُذْھِب
عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا ط
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی
اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ
بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ
فِی الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ دَآئِمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا ط
بِرَحْمَتِکَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ
رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ٥

شاہکارِ عظیم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمْ

ثنا جس کی خود خدا کرے　　پھر کس کی مجال حق ادا کرے

Marfat.com

خالقِ کائنات، مالکِ حقیقی مصوّرِ اعظم نے جب شاہکارِ عظیم، نورِ مجسّم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کو تخلیق فرمایا تو حُسنِ متین کی ایسی دلآویز تصویر کھینچی کہ ؎

کیا مصوّر نے بھرا افسوں بشکلِ چشمِ یارؐ
بن گیا تصویر، دیکھا جس نے اِس تصویر کو

ربّ (جلّ شانہٗ) محمّد صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے یہاں پر مصوّری کا ایسا کمال کیا کہ قلم کی ایک ہی جُنبش سے عرب کے پاکبازؐ تاجدارِؐ کون ومکاں، سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی سیرت و صُورت کی رنگ آمیزی میں کائنات کی ہر تخلیق ہیچ ہو کر رہ گئی۔ جسؐ کی حیا سے پارسائی کا درس ملے جسؐ کے لب ہنسی سے تو ناآشنا ہوں مگر ہلکا سا تبسّم بھی اندھیرے کو اُجالا کر دے۔ یہاں شاعر بے ساختہ پکار اُٹھتا ہے ؎

رُخِ مصطفٰے ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا کوئی آئینہ
نہ ہماری چشمِ خیال میں، نہ دُکانِ آئینہ ساز میں

Marfat.com

مقصودِ کائنات صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم ایسے ہیں کہ خود مولیٰ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ کُنْتُ کَنْزًا مَخْفِیًا فَاَحْبَبْتُ اَنْ اُعْرَفَ فَخَلَقْتُ الْخَلْقَ (حدیثِ قُدسی) حق تعالیٰ کا حُسن گنجینۂ مخفی تھا اُس نے چاہا کہ پہچانا جائے۔ کائنات اس کی صفات کا اظہار تھا، بہت خوب اظہار، مگر شعور و احساس سے خالی و عاری۔ لہٰذا مقصودِ حقیقی صلّی اللہ علیہ وسلّم کو اپنی تمام تر زیبائیوں اور رعنائیوں کے ساتھ تخلیق فرمایا گیا۔ جس (صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم) نے نیابت و نبوّت اور معرفت کا سب سے بڑھ کر خوب بلکہ جیسا مالکِ حقیقی نے چاہا بعینہٖ اُسی شان و آن کے ساتھ حق ادا کیا۔ حقیقت تو یہ ہے کہ آپ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی شان مخلوقِ خُدا کے ادراک سے پار ہے۔ بس یہی کہے بن آتی ہے۔

مَیں ایسی ذاتِ گرامی کی مدح کیا لکھوں
کہ جس کے نام سے قرآن کا اِنتساب ہو

Marfat.com

حُسنِ تخلیق

حُسنِ مجسّم، خُلقِ عظیم، خزینۂ حکمت، گنجینۂ معرفت اَور فصاحت آپ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم پر نثار اَور بلاغت آپ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے قدم چُومے۔ سخاوت آپ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کا زیور جب کہ شجاعت گھر کی باندی ٹھہری ؎

غالب ثنائے خواجہ بہ یزداں گذاشتیم
کاں ذاتِ پاک مرتبہ دانِ محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم است

یا یُوں کہیئے ؎

کائناتِ حُسن جب پھیلی تو لا محدُود تھی
اَور جب سمٹی رسُولِ پاک بن کر رہ گئی

